سوال

(116) سفر کرتے وقت سب لوگوں سے مصافحہ (الوداعی مصافحہ) کرنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سفر کرتے وقت سب لوگوں سے مصافحہ (الوداعی مصافحہ) کرنا مسنون ہے۔ یا بدعت؟ (سائل مذکور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مصافحہ سلام کا تتمہ ہے۔ مسافر سلام کر کے جائے تو مصافحہ بھی کر سکتا ہے۔ عام قانون سے یہ بات ماخوذ ہے۔ خاص بوقت سفر آپ ﷺ نے مصافحہ کیا ہو مجھے کوئی روایت یاد نہیں کسی صاحب (1) کو یاد ہو تو مطلع فرمایئں۔ (اہلحدیث 30 صفر 47 ہجری)

1۔ اگلے صفحات پر حضرت مولانا ابو القاسم صاحب کا فتویٰ ملاحظہ فرمایئے۔ محمد داؤد راز

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 83

محدث فتویٰ